دلربا انداز میں بیان ہوئے ہیں جن سے قاری پر سرشاری کی کیفیت طاری ہوتی ہے میرے خیال میں یہ پشتو نظم میں مکمل سیرت النبی کا مجموعہ ہے جس کا سہرا محترم سراج الاسلام صاحب کے سر ہے اور اس مجموعہ کی اشاعت کی سعادت اضاخیل بالا ضلع نوشہرہ کے انتہائی بزرگ و محترم شخصیت مولانا رحیم اللہ باچا صاحب مدظلہ اور ان کے برادر محترم مولانا حافظ نثار اللہ باچا صاحب نے حاصل کی۔ اللہ تعالیٰ ان حضرات کو اس بہترین کاوش پر اجر جزیل سے نوازے۔ ہمارے استاذ العلماء شیخ الحدیث مولانا ڈاکٹر سید شیر شاہ صاحب مدنی مدظلہ کی مختصر مگر جامع تقریظ ان اسکی ثقاہت کی دلیل ہے۔ چنانچہ تحریر فرماتے ہیں۔

"محترم سراج صاحب نے سردار دو جہان زینت کون و مکاں ﷺ کی ولادت باسعادت سے لے کر وفات تک آپ کی حیات طیبہ کے تمام جوہری واقعات اور زرین حقائق موبوط انداز میں ترتیب وار مسلک شعر میں اپنی مادری زبان میں پشتون نسل کے لئے پروتے ہیں"

کتاب: الفقہ والفقہاء　　مرتب: مولانا قاضی حافظ محمد نسیم صاحب کلاچوی

ضخامت: ۱۳۳ صفحات　　قیمت: ۸۰ روپے

ملنے کا پتہ: مدرسہ عربیہ نجم المدارس کلاچی، ڈیرہ اسماعیل خان

زیر تبصرہ کتاب میں مخدوم العلماء حضرت مولانا قاضی عبدالکریم صاحب مدظلہ کے فرزند مولانا قاضی محمد نسیم صاحب فاضل دارالعلوم حقانیہ نے فقہ اور فقہا کے متعلق مختصر مگر جامع اور مفید معلومات یکجا کئے ہیں جس سے علماء وطلبہ یکساں طور پر استفادہ کر سکتے ہیں۔ ابتداء میں فقہ کی لغوی اور شرعی تعریف، اس کی تعریف کے متعلق مختلف اجلہ علماء وفقہا کی آراء اور ان کے اقوال اس علم کا موضوع اور غرض و غایہ علاوہ ازیں اس کی شرف وفضیلت پر سیر حاصل بحث موجود ہے اس کے بعد فقہاء سبعہ اور دیگر متقدین و متاخرین جلیل القدر فقہاء کا تذکرہ ہے اس ضمن میں بعض دیگر مفید اور معلومات افزاء نکات بھی ہیں جس سے کتاب کی اہمیت اور افادیت میں مزید اضافہ ہوا ہے۔

بطور تقریظ حضرت مولانا قاضی عبدالکریم صاحب مدظلہ کے پانچ صفحات پر مشتمل کلمات بابرکات ہیں، جو کہ حرز جان بنانے کے قابل ہیں اور آپ کے قیمتی اور پر مغز نصائح اس پر فتن دور میں واقعی قابل توجہ ہیں۔ کتاب معنوی حسن و خوبی کے ساتھ ظاہری طور پر بھی جاذب نظر ہے ادارہ حضرت مولانا قاضی عبدالکریم صاحب مدظلہ اور صاحبزادہ محترم مولانا قاضی عبدالحلیم صاحب سابق مدرس و نائب مفتی دارالعلوم حقانیہ کو مولانا محمد نسیم صاحب کے اس نقش اول پر ہدیہ تبریک پیش کرتا ہے اور دعا گو ہیں کہ ان کی یہ تالیف آپ کی بہترین تصنیفی و تالیفی مستقبل کے لئے پیش خیمہ ہو۔